[illegible]

الحمد للہ والمنۃ

کہ بعین نشان خیر و برکت کتاب مسمیٰ بہ

مَعْدَنُ الدقائق

ترجمہ اردو

کُنُوزُ الحقائق

جس میں امام عبد الرؤف مناوی رحمۃ اللہ علیہ نے

دس ہزار احادیث نبوی کا بے بہا ذخیرہ جمع کیا

اور خاکسار محبوب عالم نے بعد فراغت حج بیت اللہ شریف سے لاکر اہل اسلام ہند کے فائدہ کیلئے اردو ترجمہ کے ساتھ

زیر اہتمام میاں عبد المجید صاحب مینیجر پیسہ اخبار لاہور

سنہ ۱۹۳۰ء میں

بار اوّل

مطبع گلزار سٹیم پریس لاہور میں طبع کرائی

۷۸۶

تجرید الاحادیث

جس میں مختلف کتب احادیث صحاح ستہ وغیرہ سے دس ہزار احادیث
باسلوب حروف تہجی [illegible] کا اردو ترجمہ پہلو بہ پہلو درج کیا گیا ہے۔

[illegible]

[illegible]

[illegible]

۸۲۸	اعطیت قوة ثلاثین رجلا فی البضاع	(ف)	مجھے تیس شخصوں کی قوت بضاع (جماع) میں دیگئی ہے
۸۲۹	اعطیت فواتح الکلم وجوامعه وخواتمه	(ش)	مجھکو اوائل کلمات اور کلمات جامع اور خواتیم کلمات دیئے گئے ہیں
۸۳۰	اعطی یوسف وامه شطر الحسن	(ك)	یوسف اور اسکی والدہ کو آدھا حسن دیا گیا تھا
۸۳۱	اعط ولا توك فیوك علیك	(د)	تو دیا کر۔ سربند کر۔ کہ مت رکھ پھر تیرے اوپر سربند کیا جائیگا
۸۳۲	اعظم الایام عند الله یوم النحر ثم یوم القر	(حم)	اللہ کے نزدیک دنوں میں بڑا عید الضحیٰ کا روز اسکے بعد یوم القرار ہے
۸۳۳	اعظم سورة فی القرآن الحمد لله رب العالمین		قرآن پاک میں بڑی سورت الحمد للہ رب العالمین ہے
۸۳۴	اعظم الناس درجة الذاکرون الله	(هق)	لوگوں میں بڑے درجے والے وہ ہیں جو اللہ کا ذکر کرتے ہیں
۸۳۵	اعظم الناس نصیبا فی الاسلام اهل فارس	(ك)	اسلام میں بڑے حصّے والے اہل فارس ہیں
۸۳۶	اعف الناس قتلة اهل الایمان	(د)	تو اُن لوگوں کو معاف کر جو اہل ایمان کو قتل کرتے ہیں
۸۳۷	اعقلها وتوکل	(ت)	اونٹ کا زانو باندھ کر توکّل کر
۸۳۸	اعلفه ناضحك	(حم)	اپنے پانی لانیوالے اونٹ کو کھلا دے۔
۸۳۹	اعلم امتی من بعدی علی بن ابی طالب	(فر)	میرے بعد میری امت میں بڑا عالم علی بن ابی طالب ہے،
۸۴۰	اعلم الناس العاقل	(ابن المحبر)	لوگوں میں بڑا عالم عاقل شخص ہے
۸۴۱	اعلنوا النکاح	(حم)	نکاح کا اعلان کیا کرو
۸۴۲	اعمل یا معاذ ولا تتکل علی شفاعتی	(سمویہ)	اے معاذ تو عمل کر اور میری شفاعت پر توکّل مت کر
۸۴۳	اعملوا فکل میسر لما خلق له	(ق)	عمل کرو۔ جو شخص جسکے لئے پیدا کیا گیا ہے وہ اُسکے لئے آسان ہے
۸۴۴	اعمی العمی الضلالة بعد الهدی	(فر)	اندھاپن کا اندھاپن گمراہی بعد ہدایت کے ہے
۸۴۵	اعوذ بالله من النار وویل لاهل النار	(د)	آگ سے میں خدا کی پناہ مانگتا ہوں اہل نار کے لئے ہلاکت ہے
۸۴۶	اغبوا فی العیادة الا ان یکون مغلوبا فلا یعاد	(فر)	ایک روز چھوڑ کر بیمار پرسی کرو مگر مغلوب العقل کی عیادت نہ کرو اُسکے آگے دمی جھکیں لفقعا [illegible]
۸۴۷	اغتسلوا یوم الجمعة ولو کأسا بدینار	(عد)	جمعہ کے روز غسل کیا کرو اگرچہ پانی کا کاسا دینار کو بکتا ہو
۸۴۸	اغتنموا دعوة المؤمن المبتلی	(ابو)	غنیمت جانو آفت رسیدہ مومن کی دعا کو
۸۴۹	اغسلوا ایدیکم ثم اشربوا فیها	(عق)	اپنے ہاتھوں کو پہلے دھو لیا کرو پھر اس میں پانی پیا کرو
۸۵۰	افتحوا اعینکم عند الوضوء لعلها لا تری جهنم	(فر)	اپنی آنکھیں وضو کرتے وقت کھلی رکھا کرو شاید اسوجہ سے جہنم کو نہ دیکھیں